اسلامک کوئز سیریز




# حقوقِ مصطفیٰ ﷺ کوئز



**8** آٹھویں جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

تعلیمی اداروں کے مقاصد میں سے میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنے فارغ التحصیل طلباء میں دورِ جدید میں درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ خصوصاً عصرِ حاضر کے پُرفتن دور میں اس کی ضرورت دو چند ہوگئی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ بذریعہ سوال و جواب انھیں اہم معلومات بہم پہنچانا بھی ہے۔ زیرِنظر کتابچہ اس مقصد کو مدّنظر رکھتے ہوئے خاص اسلوب میں ترتیب دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور انھیں پیش آمدہ فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔



ٹائیٹل ڈیزائننگ : ---------- محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : ---------- محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ---------- ام احسن

اشاعت : ---------- چہارم

ناشر : ---------- اساس انسٹیٹیوٹ


بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین

## حقوقِ مصطفیٰ ﷺ کوئز آٹھویں جماعت


| موضوع | 01 | حقوقِ مصطفیٰ ﷺ کوئز | 05 |
|---|---|---|---|

- مختصر سوالات 06
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 16

| موضوع | 02 | امام مہدی رضی اللہ عنہ | 22 |
|---|---|---|---|

- مختصر سوالات 23
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 26

| موضوع | 03 | قادیانی کردار | 28 |
|---|---|---|---|

- مختصر سوالات 29
- کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 34

موضوع

01

# حقوقِ مصطفیٰ ﷺ کوئز

**اس سبق میں آپ جانیں گے :**

1. حقوق کی تعریف اور اقسام
2. رسول اللہ ( صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ) کے مسلمانوں پر حقوق
3. رسول اللہ ( صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ) کے حقوق کی ادائیگی اور صحابہ
4. رسول اللہ ( صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ) کے حقوق کی ادائیگی پہ چلنے والا اجر
5. رسول اللہ ( صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ) کے حقوق کی ادائیگی کا طریقہ

موضوع

# 01

# حقوق مصطفیٰ ﷺ کوئز

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر 01** | حقوق کی تعریف بیان کریں۔

**جواب:** وہ تمام کام جن کو پورا کرنا یا ادا کرنا ہم پر واجب ہے حقوق کہلاتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 02** | حقوق کی اقسام بیان کریں۔

**جواب:** **01** | حقوق اللہ **02** | حقوق العباد

۞ **سوال نمبر 03** | حقوق اللہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** بندے کے ذمے اللہ کے وہ حقوق جن کی ادائیگی ضروری ہے حقوق اللہ کہلاتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 04** | حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ ایک انسان کی دوسرے انسان کے حوالے سے لگائی گئی ذمہ داریاں حقوق العباد کہلاتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 05** | حقوق اللہ کی ادائیگی نہ کرنے پر انسان کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

**جواب:** حقوق اللہ کا معاملہ براہِ راست انسان اور اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے اگر ان میں کمی بیشی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مؤاخذہ ہوسکتا ہے۔ البتہ اللہ جس چاہے معاف فرما سکتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 06** | حقوق العباد میں کوتاہی کرنے والے کے ساتھ کیا معاملہ ہوگا؟

**جواب:** حقوق العباد میں اگر کمی رہ گئی تو اللہ اس وقت تک معاف نہیں کرے گا جب تک وہ انسان خود معاف نہ

کر دے جس کا حق ادا نہیں کیا گیا۔

۞ **سوال نمبر07** | ایک مسلمان پر بڑے حقوق کون کون سے ہیں؟

**جواب:** 01 | اللہ کے حقوق
02 | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق
03 | والدین کے حقوق
04 | رشتہ داروں کے حقوق
05 | ہمسائیوں کے حقوق
06 | دوستوں کے حقوق
07 | معاشرے کے حقوق
08 | اپنی ذات کے حقوق
09 | بہن بھائیوں کے حقوق

۞ **سوال نمبر08** | حقوق کی ادئیگی کا ذکر کہاں آیا ہے؟

**جواب:** اللہ نے قرآن پاک میں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بے شمار احادیث مبارکہ میں حقوق کی ادائیگی پر بڑا زور دیا ہے۔

۞ **سوال نمبر09** | حقوق کی ادائیگی کے حوالے سے ایک حدیث مبارکہ بیان کریں؟

**جواب:** مفہوم: **"مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے"۔**

۞ **سوال نمبر10** | ایک مسلمان حقوق کی ادئیگی کیسے کر سکتا ہے؟

**جواب:** حقوق کی ادائیگی کی پہلی اور بنیادی شرط حقوق کا علم ہے۔ علم کے بغیر حقوق ادا نہیں ہو سکتے۔

۞ **سوال نمبر11** | حقوق کی ادائیگی کا دنیا میں کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** 01 | آپس میں محبت بڑھتی ہے۔
02 | معاشرے پر امن اور خوشحال ہوتا ہے۔
03 | گھریلو مسائل اور لڑائیاں ختم ہوتی ہیں۔
04 | خاندانی جھگڑے ختم ہوتے ہیں۔
05 | جو دوسروں کے حقوق ادا کرتا ہے تو دوسرے اس کے حقوق ادا کرتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر12** | ہم پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جو حقوق ہیں ان میں سے چند بیان کریں؟

**جواب:** 01 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا۔
02 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا۔
03 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وفا کرنا۔
04 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم اور ادب کرنا۔
05 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت کا دل میں ہونا۔
06 | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف بیان کرنا۔

07 | آپ ﷺ کی اتباع و پیروی کرنا۔

08 | آپ ﷺ پر درود شریف پڑھنا۔

09 | آپ ﷺ کے دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی رکھنا۔

10 | نصرت دین کے لیے کام کرنا۔

11 | آپ ﷺ کے اصحاب اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت کرنا۔

12 | آپ ﷺ کا دفاع کرنا۔

**سوال نمبر13** | آپ ﷺ پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** جو احکامات اور قوانین آپ ﷺ لے کر آئے ہیں۔ ان سب کو دل و جان سے قبول کرنا، ان کا اقرار کرنا اور ان کے متعلق شک میں مبتلا نہ ہونا۔

**سوال نمبر 14** | آپ ﷺ کی رسالت پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** 01 | آپ ﷺ اللہ کے برگزیدہ بندے اور رسول ہیں۔

02 | آپ ﷺ تمام انبیاء کے سردار ہیں۔

03 | آپ ﷺ تمام دنیا کے لیے نبی بنا کر بھیجے گئے۔

04 | آپ ﷺ آخری نبی ہیں۔

**سوال نمبر 15** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایمان کی خاطر کیا کیا قربانیاں دیں؟

**جواب:** صحابہ کرام کو ایمان لانے کی پاداش میں گھر والوں، رشتے داروں، دوستوں اور قبیلے والوں کی طرف سے بہت سی تکالیف دی گئیں۔ انھیں بہت سی مشکلات پیدا کی گئیں۔ جان سے مار دینے کی بھی دھمکیاں دی گئیں لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے ایمان پر ڈٹے رہے اور قطعاً متزلزل نہ ہوئے۔

**سوال نمبر 16** | وہ کون سی ذات مبارکہ ہے۔ جس کے ذریعے انسانیت اپنے حقوق سے آگاہ ہوئی۔

**جواب:** یہ حضور ﷺ کی پیاری ذات مبارکہ ہے جس نے نہ صرف تمام انسانوں کو ان کے حقوق سے آگاہ کیا۔ بلکہ عملی طور پر یہ حقوق ادا کر کے بھی دکھائے۔

✪ **سوال نمبر 17 |** امت پہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے حقوق ہیں؟

**جواب:** امت پر رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی ذات کے اعتبار سے دو قسم کے حقوق ہیں: (1) حق دعوت یعنی غیر مسلموں تک اسلام کی دعوت پہنچانے کے حقوق (2) حق اجابت: بحیثیت امتی آپ کی دعوت کا جواب دینے اور اس پہ کاربند رہنے کے حقوق۔

✪ **سوال نمبر 18 |** صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کا حق کس طرح ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنی جان، اولاد، مال، گھر والوں حتیٰ کہ ہر چیز سے بڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کی اور ان کا حق اس طرح ادا کیا کہ صحابہ کے بعد قیامت تک کوئی بھی اس انداز سے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ادا نہیں کرسکتا۔

✪ **سوال نمبر 19 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کا کوئی ایک واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** حضرت ام عامر رضی اللہ عنہا ایک انصاری صحابیہ ہیں۔ غزوہ احد میں ان کے والد، شوہر، اور تین بھائی شہید ہوئے جب انھیں ان شہادتوں کے متعلق بتایا گیا تو فرمانے لگیں مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق بتاؤ کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیریت سے ہیں؟ جب انھیں بتایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیریت سے ہیں نیز ان کی تسلی کی خاطر انھیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بھی کروائی گئی، صحابہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب واحترام کا حق کیسے ادا کیا؟ اس پر انھوں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہوتے ہوئے مجھ پر ہر مصیبت کم ہے۔

✪ **سوال نمبر 20 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ادب کا حق کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس میں بیٹھتے تو اپنے سر جھکا کر بیٹھتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آنکھوں میں، آنکھیں ڈال کر بات نہ کرتے، آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سامنے دو زانو ہو کر یوں بیٹھتے جیسے ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں۔ کوئی بات پوچھنی ہوتی تو بہت آہستہ آواز میں پوچھتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے ذاتی نام کی بجائے صفاتی نام سے پکارتے، جیسے" یارسول اللہ"۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف پشت نہ کرتے، انتہائی خاموشی اور توجہ سے بات سنتے تھے حتیٰ کہ آپ ﷺ سے منسوب باتوں کا بھی ادب اور احترام کرتے تھے۔

✪ **سوال نمبر 21 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور ادب کا حق کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک لبوں پر آئے، ان پر درود وسلام پڑھیں، جہاں بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

ذکرِ مبارک سنیں۔ پورے ادب اور احترام سے اس جانب متوجہ ہوں۔ آپ ﷺ کی حدیث مبارکہ یا سیرت طیبہ پہ گفتگو کے لیے باوضو رہنے کا اہتمام کریں۔

۞ **سوال نمبر 22** | دلوں میں حضور ﷺ کی عظمت کے احساس کو کیسے اجاگر کیا جاسکتا ہے؟

**جواب:** اس مقصد کے لیے آپ ﷺ کے اوصاف، اخلاق، معجزات، کمالات اور اللہ کے ہاں آپ ﷺ کے مقام و مرتبے کا علم ہونا ضروری ہے۔ جوں جوں ہم اس علم کو بڑھائیں گے۔ ہمارے دلوں میں آپ کی عظمت کا احساس بڑھتا چلا جائے گا۔ اور ہم اس قابل ہوسکیں گے کہ آپ ﷺ کے مرتبے اور مقام کا حق ادا کرسکیں۔

01 | آپ ﷺ تمام مخلوقات میں افضل اور اولیٰ ہیں۔

02 | آپ ﷺ کی شفاعت جنت میں داخلہ کا ذریعہ ہے۔

03 | آپ ﷺ تمام انبیاء کے سردار ہیں۔ 04 | آپ ﷺ کو معراج پہ لے جایا گیا۔

۞ **سوال نمبر 23** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کا حق کیسے ادا کیا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے حتی الوسع آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کی، ہر کام، عمل اور عبادت کو اسی انداز میں کرنے کی پوری کوشش کرتے رہے جیسے انھوں نے آپ ﷺ کو وہ عمل کرتے دیکھا تھا آپ ﷺ کے بتائے گئے ہر ہر طریقے پہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے سو فیصد عمل کیا اور آپ ﷺ کے حکم کو شے پہ مقدّم جانا۔

۞ **سوال نمبر 24** | آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کے حوالے سے صحابہ رضی اللہ عنہ کی سیرت سے کوئی مثال پیش کیجیے۔

**جواب:** ایک مرتبہ جمعہ کے دن آپ ﷺ منبر پر تشریف لائے اور لوگوں سے فرمایا بیٹھ جاؤ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس وقت مسجد میں داخل ہونے کیلئے دروازے میں قدم رکھ رہے تھے۔ جیسے ہی ان کے کانوں میں پیارے آقا ﷺ کی آواز پڑی کہ (بیٹھ جاؤ) وہ اندر جانے کی بجائے وہیں بیٹھ گئے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس انداز میں آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کی جس سے وہ دنیا و آخرت دونوں میں کامیاب ہوئے۔

۞ **سوال نمبر 25** | آج ہم آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کا حق کیسے ادا کرسکتے ہیں؟

**جواب:** ہم آپ ﷺ کی سنتوں پر عمل کرکے، آپ ﷺ کی ہر ادا اور ہر عمل کو اپنا کر، مردہ سنت کو زندہ کرکے،،

اپنی تجارت، کاروبار دوکان، اپنی وکالت، اپنی نوکری ہر کام کو نبی کریم ﷺ کے مبارک طریقے اور سنت کے مطابق ڈھال کر آپ ﷺ کی پیروی کا حق ادا کر سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر26** | آپ ﷺ کی اطاعت کے متعلق اللہ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** آپ ﷺ کی اطاعت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ قرآن پاک میں فرماتے ہیں ''جس نے آپ ﷺ کی اطاعت کی اس نے دراصل اللہ کی اطاعت کی''

۞ **سوال نمبر27** | دین اسلام کی مدد و نصرت کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** دین اسلام کی مدد و نصرت پانچ مراحل پہ مشتمل ہے۔

**01** | دین کا علم حاصل کرنا۔
**02** | علم پر عمل کرنا۔
**03** | علم کو آگے لوگوں تک پہنچانا۔
**04** | دعوت اسلام دینا۔
**05** | دین کے لیے زبان، مال اور جان سے جدوجہد کرنا۔

۞ **سوال نمبر 28** | دین اسلام کی مدد و نصرت کے لیے صحابہ کرام کی جدوجہد پہ روشنی ڈالیں۔

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم ہر موقع پر آپ ﷺ سے دین اسلام کے اہم احکام کے متعلق سوال کرتے، علم سیکھتے سکھاتے اس پر خود عمل کرتے، اور اسے دیگر لاعلم لوگوں تک پہنچاتے تھے، کفار تک اسلام کی دعوت پہنچانے کی حتی المقدور کوشش کرتے۔

۞ **سوال نمبر29** | درود شریف پڑھنے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** درود شریف اللہ کے حضور نبی کریم ﷺ کے درجات کی بلندی کی دعا کرنا ہے۔ اس عمل سے دعا کرنے والے کے بھی درجات بلند ہوتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر30** | آپ ﷺ پر درود شریف بھیجنے کے متعلق اللہ کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** دیگر شرعی احکامات کی طرح درود شریف پڑھنے کا حکم بھی اللہ نے دیا ہے۔

**''اے ایمان والو! تم بھی آپ ﷺ پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔''**

۞ **سوال نمبر 30** | اللہ ہی کے لیے محبت اور اللہ ہی کے لیے نفرت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** یہ آپ ﷺ کا حق ہے کہ آپ ﷺ سے محبت اور دوستی رکھنے والوں سے اللہ کے لیے پیار و محبت رکھا

پیش آیا جائے۔ جو لوگ اللہ اور رسول ﷺ کے دشمن ہیں ان سے اللہ ہی کی خاطر نفرت اور دشمنی رکھی جائے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ کی خاطر دوستی اور اللہ کی خاطر دشمنی، اسی کی خاطر محبت اور اسی کی خاطر بغض ایمان کا سب سے مضبوط حصہ ہے۔“ (سنن ابی داؤد: 4681)

۞ **سوال نمبر31** | صحابہ کرام و اہل بیت رضی اللہ عنہم سے محبت کے متعلق شریعت میں کیا حکم ہے؟

**جواب:** صحابہ کرام و اہل بیت کا آپ ﷺ سے براہِ راست تعلق ہے۔ اسی وجہ سے شریعت میں ان کے متعلق یہ حکم ہے کہ ان سے محبت رکھی جائے، ان بزرگ اور معزز ہستیوں کا ادب و احترام کیا جائے ان کے اعمال و افعال پر کوئی تنقید نہ کی جائے۔

۞ **سوال نمبر 32** | صحابہ رضی اللہ عنہم کے عمل کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ کے برابر سونا خیرات کرے تو صحابہ کے ایک مد (ڈیڑھ کلو) خیرات کو بھی نہیں پہنچ سکتا اور نہ ہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے ڈیڑھ کلو کے صدقہ تک پہنچ سکتا ہے۔ (مسلم: 2540)

۞ **سوال نمبر 33** | صحابہ رضی اللہ عنہم سے بغض کے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو میرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دوستی رکھتا ہے تو وہ مجھ سے نسبت کی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دوستی رکھتا ہے اور جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے دشمنی رکھتا ہے وہ مجھ سے دشمنی کی وجہ سے میرے صحابہ رضی اللہ عنہم سے دشمنی رکھتا ہے۔ جس نے میرے صحابہ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی۔ (ترمذی: 3862)

۞ **سوال نمبر34** | اہل بیت سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اہل بیت سے مراد آپ ﷺ کی ازواج، آپ ﷺ کی اولاد یعنی چاروں بیٹیاں، ان کی اولاد اور آپ ﷺ کے داماد ہیں۔

۞ **سوال نمبر35** | اہل بیت سے محبت کے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

**جواب:** اہل بیت سے محبت مسلمانوں کے ایمان کا حصہ ہے اس کے متعلق آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

**”اللہ سے محبت کرو اس لیے کہ وہ تمہیں اپنی نعمتوں میں سے کھلاتا ہے اور مجھ سے اللہ کی محبت کی وجہ سے محبت کرو اور اسی طرح میرے اہل بیت سے میری وجہ سے محبت کرو“۔ (اخرجہ الترمذی: 3789)**

۞ **سوال نمبر 36** | آپ ﷺ سے وفا کرنے سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** آپ ﷺ کے ساتھ وفا کرنے سے مراد آپ ﷺ کی ذات، تعلیمات اور احکامات سے متعلقہ امور کی حفاظت کرنا، ان کا دفاع کرنا اور ان کے تحفظ کی خاطر کسی بھی اس چیز کی حفاظت کی جائے اور اس کا دفاع کیا جائے اور اس میں کسی بھی بڑی قربانی سے دریغ نہ کرنا ہے۔

۞ **سوال نمبر 37** | صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے سے کیسے وفا نبھائی؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ سے وفا کا حق ادا کر دیا کہ آپ ﷺ کے شرف اور محبت کی خاطر اپنا مال، اپنی جائیداد، اپنے والدین، اپنا خاندان حتیٰ کہ اپنی جان تک قربان کرنے پہ تیار ہو گئے۔ اور یوں محبت اور وفا کی ایک نئی داستان رقم کی۔

۞ **سوال نمبر 38** | صحابہ رضی اللہ عنہم کا آپ ﷺ سے وفا کا کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا کو اسلام لانے کی پاداش میں بہت سی تکالیف دی جاتی تھیں۔ لیکن آپ کسی صورت میں اسلام چھوڑنے پہ رضامند نہ ہوئیں۔ بالآخر ابوجہل ملعون نے آپ کو بڑی بے رحمی سے شہید کر دیا لیکن آپ نے آخر دم تک حضور ﷺ کی وفا کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا اور اس راہ میں اپنی جان دے دی۔

۞ **سوال نمبر 39** | حضرت خبیب انصاری رضی اللہ عنہ کا آپ ﷺ سے وفا کا قصہ بیان کیجیے؟

**جواب:** جب قریش مکہ نے خبیب رضی اللہ عنہ کا گوشت جگہ جگہ سے کاٹ کر انھیں سولی پر لٹکایا تو ان سے پوچھا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ تمہاری جگہ آپ ﷺ خود ہوں حضرت خبیب رضی اللہ عنہ نے یہ سن کر فرمایا: خدا کی قسم مجھے تو یہ بات بھی پسند نہیں ہے کہ میں اپنے اہل وعیال کے درمیان بیٹھا ہوں اور آپ ﷺ کو ایک کانٹا بھی چبھے۔

۞ **سوال نمبر 40** | ہم آپ ﷺ کے ساتھ وفا کا رشتہ کیسے نبھا سکتے ہیں؟

**جواب:** ہم دنیا کی ہر چیز اور تعلق پر آپ ﷺ کی ذات، شرف، دین اور تعلق کو مقدّم رکھتے ہوئے، آپ ﷺ سے اپنے تعلق کے عملی اظہار کے ذریعے آپ کا حق ادا کر سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 41** | حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ نے شہادت کے وقت امت کو آخری پیغام کیا دیا تھا؟

**جواب:** حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ نے غزوۂ احد میں شہادت کے وقت امت کو آخری پیغام یہ دیا تھا: اگر

آپ ﷺ کو کچھ ہوا (کوئی تکلیف پہنچی) اور تم میں سے ایک فرد بھی اس صورتِ حال میں زندہ رہا تو (کل قیامت کے دن) اللہ کی بارگاہ میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

**سوال نمبر 42 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کس لحاظ سے آپ ﷺ کا دفاع فرمایا؟

**جواب:** صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کا دفاع بنیادی طور پر تین طرح سے کیا:

**01 |** آپ ﷺ کی ذات کا دفاع۔

**02 |** آپ ﷺ کی عزت وحرمت کا دفاع۔

**03 |** آپ ﷺ کی نبوت وعقیدہ ختم نبوت کا دفاع۔

**سوال نمبر43 |** آپ ﷺ کی ذات مبارکہ کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** غزوہ احد میں جب کفار نے آپ ﷺ کی ذات پر حملے کی کوشش کی تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے گرد حصار باندھ لیا اور آپ ﷺ کی ذات کی حفاظت کرتے ہوئے تقریباً (7) سات صحابہ نے اپنی جانیں قربان کر دیں۔

**سوال نمبر44 |** آپ ﷺ کی عزت وحرمت کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** ایک نابینا صحابی رضی اللہ عنہ نے میں آپ ﷺ کی عزت اور حرمت کے دفاع میں اپنی بیوی (ام ولد) کو قتل کر دیا۔ اپنی جان اور گھر کی کوئی پرواہ نہیں کی۔

**سوال نمبر 45 |** عقیدہ ختم نبوت کے دفاع کے حوالے سے کوئی واقعہ بیان کریں؟

**جواب:** جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب کے دربار میں حضرت حبیب بن زید رضی اللہ عنہ کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے گئے، لیکن انھوں نے کسی چیز کی پرواہ نہ کی اور عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت کی خاطر جان سے گزر گئے۔

**سوال نمبر 46 |** عقیدہ ختم نبوت کے دفاع کی خاطر صحابہ رضی اللہ عنہم نے کس مقام پر لڑائی کی۔ اس میں کتنے صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

**جواب:** عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کرتے ہوئے 1200 صحابہ رضی اللہ عنہم نے یمامہ کے میدان میں اپنی جانیں قربان کیں جن میں 700 حافظ قرآن اور 70 بدری صحابہ رضی اللہ عنہم شامل تھے۔

۞ **سوال نمبر 47** | ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کیسے ممکن بنا سکتے ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وحرمت اور عقیدہ ختم نبوت کے متعلق لوگوں کے عقائد ونظریات کی اصلاح کر کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دفاع کا حق ادا کیا جا سکتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 49** | مذکورہ نکات دوسروں تک پہنچانے سے ہمیں کیا فائدہ ہوگا؟

**جواب:** دوسروں تک پہنچانے سے ہمیں بے شمار فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔ جن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

**01** | دنیا میں یہ باتیں اس کی وجہ سے عزت نصیب ہوگی۔

**02** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ہمارے دلوں میں مزید بڑھ جائے گی۔ ہمارے دلوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت میں اضافہ ہوگا۔

**03** | آخرت میں ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ

۞ **سوال نمبر 50** | دور حاضر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دفاع کی خاطر کون کون سے استعمال کیے جا سکتے ہیں؟

**جواب:** دورِ حاضر میں پرنٹ میڈیا، سوشل میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا کے استعمال کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع ممکن بنایا جا سکتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 51** | عالم کفر ہم سے کیا چاہتا ہے اور بحیثیت مسلمان ہماری کیا ذمہ داری ہے؟

**جواب:** عالم کفر مل کر تمام اسباب اور ذرائع استعمال کر کے ہمارے دلوں سے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کو نکالنا چاہتا ہے۔ اب ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ ہم عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واقعات کو بیان کر کے اپنے اور تمام مسلمانوں کے دلوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کو بھر دیں اور مستقل اس کو بڑھاتے چلے جائیں۔

عالمِ کفر کی پوری کوشش ہے کہ جدید ذرائع اور اسباب کے استعمال کے ذریعے ہمارے دلوں سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کو نکال باہر کرے۔ ان حالات میں بحیثیت مسلمان ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت کے مطالعے، اس کی تبلیغ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی آپ سے محبت کے واقعات کے بیان کے ذریعے دلوں میں عشقِ رسول کی شمع روشن کریں۔ نیز اس محبت کو بڑھانے اور پروان چڑھانے کے لیے نت نئے ذرائع اور وسائل کو استعمال میں لائیں۔

موضوع

# 01

# حقوق مصطفیٰ ﷺ کوئز

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر 11 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ پر ایمان لانے کا حق ادا کرتے ہوئے کیا معاملہ فرمایا؟

- ■ تکالیف و مشکلات کو برداشت کیا۔
- ■ آپ ﷺ کے ساتھ ڈٹے رہے
- ■ آپ ﷺ کو چھوڑ دیا۔
- ☑ **پہلے دونوں جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 12 |** وہ کون سی ذات مبارکہ ہے جن کے ذریعے انسان نے تمام حقوق کے متعلق جانا۔

- ■ **حضرت محمد ﷺ**
- ■ حضرت جبرائیل علیہ السلام
- ■ شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
- ■ حضرت میکائیل علیہ السلام

**سوال نمبر 13 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور ﷺ سے محبت کرنے کا حق کس طرح ادا کیا؟

- ■ محبت کا دعویٰ کر کے
- ■ کام سے زیادہ محبت کر کے
- ■ اپنی اولاد سے زیادہ محبت کر کے
- ☑ **ہر چیز سے زیادہ محبت کر کے**

**سوال نمبر 14 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آدابِ نبوت کا حق کیسے ادا کیا؟

- ■ آپ ﷺ کی بات کو انتہائی خاموشی سے سن کر
- ■ آپ ﷺ کو ذاتی نام کے بجائے صفاتی ناموں سے پکار کر
- ■ آپ ﷺ سے منسوب چیزوں کا ادب کر کے
- ☑ **تمام جواب درست ہیں۔**

**سوال نمبر 15 |** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب آپ ﷺ سے کوئی سوال کرنا چاہتے تو کیسے کرتے تھے؟

- ■ آہستہ آواز میں
- ■ ذاتی نام پکار کر
- ■ صفاتی نام پکار کر
- ☑ **1 اور 3 درست جواب ہیں**

۞ **سوال نمبر 05** | حقوق اللہ اور حقوق العباد کا ذکر کہاں آیا ہے؟

■ قرآن پاک میں
■ احادیث مبارکہ میں
☑ **دونوں میں**
■ کہیں بھی نہیں

۞ **سوال نمبر 06** | "ایک مسلمان کی زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے" یہ کس نبی کا فرمان ہے؟

☑ **حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**
■ حضرت ابراہیم علیہ السلام
■ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
■ حضرت موسیٰ علیہ السلام

۞ **سوال نمبر 07** | ایک مسلمان حقوق کی ادائیگی کیسے کر سکتا ہے؟

■ بغیر علم کے
☑ **حقوق کا علم حاصل کر کے**
■ دونوں جواب درست ہیں
■ کوئی جواب درست نہیں

۞ **سوال نمبر 08** | حقوق کی ادائیگی کا دنیا میں کیا فائدہ ہے؟

■ آپس میں محبت بڑھتی ہے
■ معاشرہ پر امن اور خوشحال ہوتا ہے
☑ **نمبر 1 اور 2 دونوں جوابات درست ہیں**
■ کوئی فائدہ نہیں

۞ **سوال نمبر 09** | ہم پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ہے کہ:

■ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں۔
■ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی رکھیں۔
■ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دفاع کریں۔
☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

۞ **سوال نمبر 10** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

☑ **جو احکامات اور قوانین لے کر آئے ان سب کو دل و جان سے قبول کرنا۔**
■ جو احکامات و قوانین لے کر آئے ان سب کو صرف دل سے قبول کرنا۔
■ جو احکامات لے کر آئے ان سب کو صرف زبان سے قبول کرنا۔
■ تمام جواب درست ہیں۔

۞ **سوال نمبر 11** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانے کا حق ادا کرتے ہوئے کیا معاملہ فرمایا؟

- تکالیف و مشکلات کو برداشت کیا۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ڈٹے رہے
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چھوڑ دیا۔
- ☑ **پہلے دونوں جوابات درست ہیں۔**

۞ **سوال نمبر 12** | وہ کون سی ذات مبارکہ ہے جن کے ذریعے انسان نے تمام حقوق کے متعلق جانا۔

- **حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم**
- حضرت جبرائیل علیہ السلام
- شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت میکائیل علیہ السلام

۞ **سوال نمبر 13** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے کا حق کس طرح ادا کیا؟

- محبت کا دعویٰ کر کے
- کام سے زیادہ محبت کر کے
- اپنی اولاد سے زیادہ محبت کر کے
- ☑ **ہر چیز سے زیادہ محبت کر کے**

۞ **سوال نمبر 14** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آدابِ نبوت کا حق کیسے ادا کیا؟

- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کو انتہائی خاموشی سے سن کر
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ذاتی نام کے بجائے صفاتی ناموں سے پکار کر
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منسوب چیزوں کا ادب کر کے
- ☑ **تمام جواب درست ہیں۔**

۞ **سوال نمبر 15** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی سوال کرنا چاہتے تو کیسے کرتے تھے؟

- آہستہ آواز میں
- ذاتی نام پکار کر
- صفاتی نام پکار کر
- ☑ **1 اور 3 درست جواب ہیں**

۞ **سوال نمبر 16** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت اور ادب کا حق ہم کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر درود شریف پڑھ کر
- سنت کا علم حاصل کرنے نیز اس پر عمل کرنے کے ذریعے
- سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہ گفتگو کے لیے باوضو ہو کر
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 17** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت و پیروی کا حق کس حد تک ادا کیا؟

■ 70 فیصد ■ 80 فیصد ■ 90 فیصد ☑ **100 فیصد**

**سوال نمبر 18** | کون سے صحابی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے بیٹھ جانے کا حکم سنتے ہی مسجد کے دروازے سے گزرتے ہوئے وہیں بیٹھ گئے؟

☑ **حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ** ■ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

■ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ■ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر 19** | دین اسلام کی مدد و نصرت کے کتنے مراحل ہیں؟

■ دو ☑ **پانچ**

■ سات ■ نو

**سوال نمبر 20** | کسی سے نفرت و محبت کا معیار کیا ہونا چاہیے؟

■ اولاد کے لئے محبت اور اولاد کے لیے نفرت ■ مال کے لیے محبت اور مال کے لیے نفرت

☑ **اللہ کے لیے محبت اور اللہ کے لیے نفرت** ■ تمام جوابات درست ہیں

**سوال نمبر 21** | غلبہ دین کے لیے کن چیزوں کے ذریعے جدوجہد کرنا ضروری ہے؟

■ مال کے ذریعے ■ جان کے ذریعے

■ زبان کے ذریعے ☑ **مال، جان، زبان تینوں کے ذریعے**

**سوال نمبر 22** | صحابہ کرام و اہل بیت رضی اللہ عنہم سے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے؟

■ ان سے محبت کی جائے ■ ان کی پیروی کی جائے

■ ان کا ادب کیا جائے ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 23** | صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمل کو دیگر مسلمانوں کے عمل پہ کیسی فضیلت حاصل ہے؟

☑ **پوری زندگی کی عبادات سے زیادہ** ■ آدھی زندگی کی عبادات سے زیادہ

■ برابر ہے ■ کوئی فرق نہیں

۞ **سوال نمبر 24** | آپ ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے نفرت کو کس چیز کی علامت قرار دیا ہے؟

- ■ اپنی محبت کی
- ☑ **اپنی دشمنی کی**
- ■ کچھ نہیں فرمایا
- ■ بے ایمانی کی

۞ **سوال نمبر 25** | صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کس کس پہلو سے آپ ﷺ کا دفاع کیا؟

- ■ صرف آپ ﷺ کی ذات کا دفاع
- ■ آپ ﷺ کی عزت کا دفاع
- ■ آپ ﷺ کی نبوت و عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا دفاع
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 26** | غزوہ احد میں جب کفار نے آپ ﷺ کی ذات پر حملہ کرنے کی کوشش کی تو آپ ﷺ کی ذات کی حفاظت کرتے ہوئے کتنے صحابہ نے اپنی جانیں قربان کیں؟

- ☑ 7
- ■ 6
- ■ 8
- ■ 9

۞ **سوال نمبر 27** | صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا دفاع کس مقام پہ کیا؟

- ☑ **یمامہ کا میدان**
- ■ بدر کا میدان
- ■ احد کا میدان
- ■ حنین کا میدان

۞ **سوال نمبر 28** | عقیدہ ختم نبوت ﷺ کا دفاع کرتے ہوئے جنگ یمامہ میں کتنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

- ■ 700
- ■ 900
- ☑ 1200
- ■ 1500

۞ **سوال نمبر 29** | یمامہ کے میدان میں شہید ہونے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کتنے حافظ قرآن شامل تھے؟

- ■ 1200
- ■ 1000
- ☑ 700
- ■ 100

۞ **سوال نمبر 30** | یمامہ کے میدان میں عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے دفاع کے لیے شہید ہونے والے بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کتنے تھے؟

- ■ 50
- ■ 313
- ☑ 70
- ■ 110

**سوال نمبر31** | عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کرتے ہوئے شہید ہونے والے پہلے صحابی رسول کا نام کیا ہے؟

- ■ شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ
- ■ عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ
- ☑ **حبیب بن زید رضی اللہ عنہ**
- ■ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

**سوال نمبر32** | عقیدہ ختم نبوت کا دفاع کرنے کی وجہ سے مسیلمہ کذاب نے صحابی رسول ﷺ حبیب بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کو کیا سزا دی؟

- ■ سولی پر لٹکا دیا
- ■ سر تن سے جدا کیا
- ☑ **جسم کے ٹکرے ٹکرے کر دیئے**
- ■ جسم کو آگ لگا دی گئ

**سوال نمبر33** | ہم آپ ﷺ کا دفاع کیسے کر سکتے ہیں؟

- ■ گھر بیٹھ کر
- ■ خاموش رہ کر
- ■ صرف عشق و محبت کا دعویٰ کر کے
- ☑ **عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے متعلق لوگوں کے عقائد و نظریات کی اصلاح کر کے**

**سوال نمبر34** | کس صحابی رسول ﷺ نے اپنی بیوی کو صرف اس لیے قتل کیا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی گستاخی کیا کرتی تھی؟

- ■ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ
- ■ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ
- ☑ **نابینا صحابی حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ**

موضوع

# 02

# امام مہدی رضی اللہ عنہ

## اس سبق میں آپ جانیں گے :

1. حضرت امام مہدی علیہ السلام کون ہیں؟
2. حضرت امام مہدی علیہ السلام سے متعلقہ احادیث میں کیا فرمایا گیا ہے؟
3. حدیث مبارکہ میں بیان کردہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کی شخصی پہچان اور نشانیاں کیا ہیں؟
4. حضرت امام مہدی علیہ السلام کی آمد کا مقصد کیا ہوگا؟
5. حضرت امام مہدی علیہ السلام کے زمانے کے حالات و واقعات کیا ہوں گے؟

موضوع

# 02 امام مہدی رضی اللہ عنہ

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر01** | امام مہدی علیہ السلام کون ہے؟

**جواب:** آخری زمانے میں قربِ قیامت میں جس ایک خلیفہ عادل کے ظاہر ہونے کی کی جو خبر احادیث میں دی گئی ہے انہیں امام مہدی علیہ السلام کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر02** | مہدی کا معنی کیا ہے؟

**جواب:** مہدی ''ہدایت یافتہ'' شخص کو کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر03** | امام مہدی علیہ السلام کا کا اصل نام کیا ہے؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کا اصلی نام محمد ہوگا۔

۞ **سوال نمبر04** | مہدی سے مراد کون سی شخصیت ہے؟

**جواب:** احادیث میں جس مہدی کا ذکر آیا ہے اس سے مراد ایک ایسی شخصیت ہے جو آخری زمانے میں حضرت عیسی ابن مریم علیہما السلام کے نزول سے سے پہلے ظاہر ہوگی۔

۞ **سوال نمبر05** | حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ذاتی نشانیاں کیا ہیں؟

**جواب:** حضرت امام مہدی علیہ السلام اولاد فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا میں سے ہوں گے والد کی کی طرف سے سے ان کا سلسلہ نسب حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے اور والدہ کی طرف سے حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے سے ملتا ہوگا ان کا اپنا نام محمد اور والد کا نام عبداللہ ہوگا۔

۞ **سوال نمبر06** | **امام مہدی علیہ السلام کے والد محترم کا نام کیا ہوگا؟**

**جواب:** ان کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔

۞ **سوال نمبر07** | **امام مہدی علیہ السلام کہاں ظاہر ہوں گے؟**

**جواب:** امام مہدی مکّہ مکرّمہ میں ظاہر ہوں گے۔

۞ **سوال نمبر08** | **امام مہدی کا ظہور کب ہوگا؟**

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام ایک خلیفہ کی موت پہ، جبکہ اس کی جانشینی کے مسئلے پر اختلاف ہوگا اس خوف سے کہ انھیں خلیفہ نہ بنا دیا جائے، بھاگ کر مکہ مکرمہ آجائیں گے، وہ طواف کے دوران پہچان لیے جائیں گے۔ حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان بیت اللہ شریف کے سامنے لوگ ان کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔ یہی ان کے ظاہر ہونے کا وقت ہوگا۔

۞ **سوال نمبر09** | **امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے وقت ان کی عمر مبارک کتنی ہوگی؟**

**جواب:** ظہور کے وقت آپ کی عمر چالیس (40) سال ہوگی۔

۞ **سوال نمبر10** | **امام مہدی علیہ السلام کے ظہور سے قبل دنیا کا نقشہ کیا ہوگا؟**

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کے ظہور سے قبل دنیا ظلم اور زیادتی سے بھری ہوگی عدل و انصاف نام کو بھی نہیں ہوگا ہر جگہ ظلم ہی ظلم ہوگا۔

۞ **سوال نمبر11** | **کیا امام مہدی علیہ السلام نبی ہوں گے؟**

**جواب:** جی نہیں! نہ ہی وہ نبی ہوں گے اور نہ ہی نبوت کا دعویٰ کریں گے۔

۞ **سوال نمبر12** | **امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے بعد دنیا کا نقشہ کیا ہوگا؟**

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے بعد دنیا میں غیر معمولی برکات ظاہر ہونگی۔ دنیا میں دوبارہ عدل و انصاف قائم ہو جائے گا۔ زمین اپنی ہر قسم کی پیداوار نکال کر رکھ دے گی امام مہدی علیہ السلام لوگوں میں ہاتھ بھر بھر کر نعمتیں تقسیم کریں گے۔ انھیں شمار نہیں کریں گے۔

۞ **سوال نمبر13** | **امام مہدی علیہ السلام کتنے سال حکومت کریں گے؟**

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام تقریباً 9 سال حکومت کریں گے۔

۞ **سوال نمبر 14** | کیا امام مہدی اور حضرت عیسی علیہ السلام ایک ہی شخصیت کے وہ نام ہیں؟

**جواب:** جی نہیں یہ دونوں الگ الگ شخصیتیں ہیں۔

۞ **سوال نمبر 15** | حضرت عیسی علیہ السلام کا ظہور پہلے ہوگا یا امام مہدی علیہ السلام کا؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کا ظہور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے ہوگا۔

۞ **سوال نمبر 16** | امام مہدی علیہ السلام کا حدیث میں کیا مقام ہے؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کا ذکر متواتر احادیث میں موجود ہے۔ اور ان کے ظہور کا عقیدہ اہل سنت والجماعت کے عقائد میں شمار کیا گیا ہے۔

۞ **سوال نمبر 17** | امام مہدی علیہ السلام کی کل عمر کتنی ہوگی؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کی عمر 49 سال ہوگی۔

۞ **سوال نمبر 18** | امام مہدی علیہ السلام کی وفات کہاں ہوگی اور کہاں دفن ہوں گے؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کی وفات بیت المقدس میں ہوگی اور وہیں مدفون ہونگے۔

۞ **سوال نمبر 19** | امام مہدی علیہ السلام کی نماز جنازہ کون پڑھائے گا؟

**جواب:** امام مہدی علیہ السلام کی نماز جنازہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پڑھائیں گے۔

# موضوع 02

# امام مهدی رضی اللہ عنہ

## کثیرالانتخابی سوالات

۞ **سوال نمبر01** | امام مہدی کا اصل نام کیا ہے؟

■ احمد ■ احسن ☑ **محمد** ■ عبدالرحمن

۞ **سوال نمبر02** | احادیث مبارک میں جس امام مہدی کا ذکر ہے ان سے کون سی شخصیت مراد ہے؟۔

■ آخری زمانے میں تشریف لانے والے

■ حضرت عیسی علیہ السلام کے نزول سے پہلے ظاہر ہونے والے۔

■ تمام اسلامی دنیا کے عادل حکمران۔

☑ **تمام جوابات درست ہے۔**

۞ **سوال نمبر03** | حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ذاتی نشانیاں کیا ہیں؟

■ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے ■ محمد نام ہوگا

■ والد کا نام عبداللہ ہوگا۔ ☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

۞ **سوال نمبر04** | امام مہدی علیہ السلام کہاں ظاہر ہوں گے۔؟

☑ **مکہ مکرمہ** ■ مدینہ منورہ

■ بیت المقدس ■ طائف

۞ سوال نمبر05 | امام مہدی علیہ السلام کس مقام پر لوگوں سے بیعت لیں گے؟۔

■ ریاض الجنۃ میں ☑ **حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان**

■ مسجد نبوی اور جنت البقیع کے درمیان۔ ■ میدان عرفات و مزدلفہ کے درمیان۔

۞ سوال نمبر06 | امام مہدی ظہور کے وقت عمر کتنی ہو گی؟۔

■ 25 سال ■ 30 سال ☑ **40 سال** ■ 45 سال۔

۞ سوال نمبر 07 | امام مہدی کے بعد دنیا کے حالات کیسے ہوں گے؟۔

■ دنیا میں غیر معمولی برکات ظاہر ہوں گی ■ عدل و انصاف ہو گا۔

■ ظلم و زیادتی کا دور دورہ ہو گا ☑ **پہلے دونوں جوابات درست ہیں**

۞ سوال نمبر08 | امام مہدی علیہ السلام کتنے سال حکومت کریں گے؟

☑ **9 سال** ■ 19 سال ■ 29 سال ■ 39 سال

۞ سوال نمبر09 | امام مہدی علیہ السلام کی کل عمر کتنی ہو گی؟۔

■ 45 سال ☑ **49 سال** ■ 63 سال ■ 73 سال

۞ سوال نمبر10 | امام مہدی علیہ السلام کی وفات کہاں ہو گی؟

■ مدینہ منورہ ■ مکہ مکرمہ ☑ **بیت المقدس** ■ ریاض

۞ سوال نمبر11 | امام مہدی علیہ السلام کو کہاں دفن کیا جائے گا؟۔

■ جنت البقیع میں ☑ **بیت المقدس میں** ■ مکہ مکرمہ میں ■ شام میں

۞ سوال نمبر12 | امام مہدی علیہ السلام کا جنازہ کون پڑھائے گا؟۔

☑ **حضرت عیسیٰ علیہ السلام** ■ مسجد نبوی کے امام

■ مسجد اقصیٰ کے امام ■ امام کعبہ

موضوع

# 03

# قادیانی کردار

## اس سبق میں آپ جانیں گے :

1. سیرت و کردار کے معنی و مفہوم
2. سیرت و کردار سے آگاہی کی اہمیت
3. مرزا قادیانی کی سیرت و کردار
4. مرزا قادیانی کے کردار سے متعلق ملنے والے شواہد اور ان کا ماخذ
5. مرزا قادیانی کے کردار کی خامیاں
6. مرزا قادیانی کا انجام

موضوع

# 03 قادیانی کردار

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر01** | سیرت وکردار کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** زندگی گزارنے کے طریقے کو سیرت اور انسان کی وہ پختہ عادات جن کا تعلق معاشرے سے ہوا سے کردار کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر02** | کسی انسان کے سیرت وکردار پہ گفتگو کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

**جواب:** اس انسان کی شخصیت میں موجود خامیوں اور خوبیوں کو سامنے لانے کے لیے اس کے سیرت وکردار پہ گفتگو کی جاتی ہے۔

۞ **سوال نمبر03** | مرزا قادیانی کے کردار پہ بات کیوں کی جاتی ہے؟

**جواب:** تا کہ مرزا قادیانی کی زندگی کے پوشیدہ پہلو عوام الناس کے سامنے لائے جاسکیں اور ان کی روشنی میں عوام خود سچ رجھوٹ کا فیصلہ کر سکے۔

۞ **سوال نمبر04** | مرزا قادیانی کا کردار ہمیں کیسے معلوم ہوا؟

**جواب:** مرزا قادیانی کے بیٹے نے اس نے اپنے باپ کے متعلق ایک کتاب لکھی جس کا نام ''سیرت المہدی'' ہے جس اس کتاب میں اس نے مرزا قادیانی کے کردار پر بات کی ہے۔ مرزا قادیانی کے ذاتی کردار کو جاننے کا ذریعہ یہی کتاب ہے۔

۞ **سوال نمبر05** | سیرت المہدی کس نے لکھی؟

**جواب:** مرزا قادیانی کے بیٹے مرزا بشیر احمد ایم-اے نے اپنے باپ کی شخصیت پر یہ کتاب لکھی ہے۔

۞ **سوال نمبر06** | سیرت المہدی کیسے لکھی گئی۔

**جواب:** بشیر احمد ایم-اے نے مرزا قادیانی کے قریبی ساتھیوں سے مرزا قادیانی کے حالات وواقعات کو جمع کر کے اس کتاب کو لکھا۔

۞ **سوال نمبر 07** | ''سیرت المہدی'' کتاب کب لکھی گئ ؟

**جواب :** ''سیرت المہدی'' مرزا قادیانی کے مرنے کے بعد 1923ء میں لکھی گئ۔

۞ **سوال نمبر 08** | مرزا قادیانی کا کوئی ایک جھوٹ بیان کریں؟

**جواب:** مرزا قادیانی کے بہت سے جھوٹوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے لوگوں سے پچاس کتابوں کے پیسے وصول کیے لیکن اور صرف پانچ کتابیں لکھیں اور کہا کہ 5 اور 50 میں صرف نقطے کا ہی تو فرق ہے۔

۞ **سوال نمبر 09** | مرزا قادیانی کی 10 میں سے کوئی ایک جھوٹی پیشن گوئی بیان کریں؟

**جواب :** مرزا قادیانی کی بہت سی جھوٹی پیشین گوئیوں میں سے ایک محمدی بیگم سے اس کی شادی کی پیشین گوئی ہے۔ مرزا کے بقول یہ شادی ضرور ہوگی اور کوئی بھی طاقت اسے نہیں روک سکتی لیکن حقیقت میں ساری زندگی مرزا قادیانی کی محمدی بیگم سے شادی نہ ہوسکی۔

۞ **سوال نمبر 10** | کیا مرزا قادیانی گالیاں دیتا تھا؟

**جواب :** مرزا قادیانی بہت عریاں اور گندی گالیاں دیا کرتا تھا جن کا بیان یہاں مناسب نہیں۔

۞ **سوال نمبر 11** | مرزا قادیانی گالیاں کیوں دیتا تھا؟

**جواب :** مرزا قادیانی کے سامنے جب بھی حق بات کہی جاتی وہ طیش میں آ کر گالیاں بکنے لگتا۔ اور اس طریقے سے مخاطب کو خاموش کروانے کی کوشش کرتا۔

۞ **سوال نمبر 12** | کیا مرزا قادیانی دھوکے باز آدمی تھا؟

**جواب :** مرزا قادیانی کبھی دھوکے سے لوگوں کو جمع پونجی ہتھیا لیتا۔ کبھی یہ کہہ کر کہ میں اسلام کی خدمت کر رہا ہوں ان کا ایمان لوٹ لیتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 13** | کیا مرزا قادیانی دوسرے لوگوں کی عزت پہ نظر رکھتا تھا؟

**جواب :** مرزا قادیانی لوگوں کی عزت پہ نظر بھی رکھتا تھا وہ لوگوں کی عزتوں کے اشتہار لگایا کرتا۔ جیسا کہ اس نے محمدی بیگم کے متعلق اشتہار شائع کر کے اس کی عزت اچھالنے کی کوشش کی۔

۞ **سوال نمبر 14** | کیا کوئی شریف انسان غیر محرم عورتوں سے اپنی خدمت کرواتا ہے؟

**جواب:** شریف انسان تو ایسا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ غیر محرم عورتوں سے اپنی خدمت کروانا بہت بڑا گناہ اور فحش بات ہے۔

۞ **سوال نمبر 15 |** مرزا قادیانی کی خدمت پہ مامور عورتوں کے نام کیا تھے؟

**جواب:** بھانو، ڈاکٹرنی، منشیانی، مائی رسول بی بی، اہلیہ بابو شاہ دین، زینب۔

۞ **سوال نمبر 16 |** مرزا قادیانی کے فرشتوں کے نام بتائیں؟

**جواب:** ٹیچی ٹیچی، خیراتی، مٹھن لال، درشنی۔

۞ **سوال نمبر 17 |** کیا فرشتوں کے نام اس نوعیت کے ہو سکتے ہیں؟

**جواب:** ایسے نام شیطانوں کے تو ہو سکتے ہیں لیکن فرشتوں کے نہیں۔

۞ **سوال نمبر 18 |** مرزا قادیانی کے مطابق اس کی طرف وحی کس کس زبان میں آتی تھی؟

**جواب:** اردو، پنجابی، انگلش، ریاضی، فارسی اور ایسی دیگر زبانوں میں بھی آتی تھی جنھیں مرزا قادیانی سمجھ نہیں سکتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 19 |** کیا ان زبانوں میں وحی آسکتی ہے؟

**جواب:** ان زبانوں میں شیطانی وحی (وسوسہ/ الہام) تو ہو سکتی ہے لیکن رحمانی وحی نہیں آسکتی۔

۞ **سوال نمبر 20 |** مرزا قادیانی کی طرف آنے والی وحی کی چند مشہور عبارات بیان کریں؟

**جواب:** **01 |** پَٹی پُٹی گئی

**02 |** I am with you, I love you

**03 |** تائی آئی

**04 |** پریشن عمر براطوس یاں پلاطوس

۞ **سوال نمبر 21 |** کیا مرزا قادیانی شراب پیتا تھا؟

**جواب:** جی ہاں۔ مرزا قادیانی بہت شوق سے شراب پیتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 22 |** مرزا قادیانی کس کمپنی کی شراب پیتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی امپورٹڈ شراب پیتا تھا۔ جس کا نام ٹانک وائن تھا۔

✪ **سوال نمبر 23** | کیا کوئی شریف آدمی شراب پی سکتا ہے؟

**جواب:** جی نہیں، شریف انسان تو ایسا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا کیونکہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔

✪ **سوال نمبر 24** | مرزا قادیانی شراب کے علاوہ کس قسم کا نشہ استعمال کرتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی شراب کے علاوہ افیون کا استعمال کرتا تھا۔

✪ **سوال نمبر 25** | مرزا قادیانی ایک دن میں کتنی مرتبہ پیشاب کرتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی ایک دن و رات میں 100 بار پیشاب کرتا تھا۔

✪ **سوال نمبر 26** | کیا مرزا قادیانی سود بھی کھاتا تھا؟

**جواب:** جی بالکل مرزا قادیانی سودی قرضے لیتا تھا۔

✪ **سوال نمبر 27** | کیا مرزا قادیانی پرندوں پر بھی ظلم کرتا تھا؟

**جواب:** ہاں مرزا قادیانی کے ظالم کہلانے کے لیے یہ کافی ہے کہ وہ چھوٹی چھوٹی چڑیوں اور ان کے بچوں کو پکڑ کر سرکنڈوں سے ذبح کر دیتا تھا۔

✪ **سوال نمبر 28** | کیا مرزا قادیانی تیراکی کرتا تھا؟

**جواب:** جی ہاں مرزا قادیانی کے بقول جب بارش ہوتی قادیان کے نشیب میں پانی کھڑا ہو کر جوہڑ کی شکل اختیار کر لیتا تو وہ اس میں تیراکی کرتا تھا۔

✪ **سوال نمبر 29** | مرزا قادیانی کی کتنی نسلیں تھیں؟

**جواب:** مرزا قادیانی کے مطابق اس کی نسلوں کی تعداد پانچ ہے۔

01 | سیدزادہ　　02 | مغل　　03 | اسرائیلی

04 | فارسی　　05 | چینی

✪ **سوال نمبر 30** | کیا مرزا قادیانی چوری بھی کرتا تھا؟

**جواب:** ہاں ایک مرتبہ مرزا قادیانی اپنے باپ کی پینشن وصول کرنے گیا لیکن وہ سات سو روپے پینشن وصول کرنے کے بعد گھر نہیں لوٹا بلکہ سارے پیسے عیش و عشرت میں اڑا دیئے۔ اسی طرح مرزا قادیانی نے ایک مرتبہ دوستوں کے کہنے پر چینی بھی چوری کی تھی۔

۞ **سوال نمبر 31** | مرزا قادیانی جوتے کیسے پہنتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی سیدھی جوتی الٹے پاؤں میں اور الٹی جوتی سیدھے پاؤں میں پہنتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 32** | مرزا قادیانی جرابیں کیسے پہنتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی کا جراب پہننے کا طریقہ یہ تھا کہ نیچے کا حصہ اوپر اور اوپر کا حصہ نیچے کی طرف کر کے پہنتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 33** | مرزا قادیانی بٹن کیسے بند کرتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی اوپر کا بٹن نیچے والا نیچے کا اوپر کی طرف بند کر دیتا تھا۔ اکثر اپنی قمیض کا بٹن واسکٹ کے کاج میں اڑس دیتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 34** | مرزا قادیانی کسی کے لیے دعا کرنے کے بدلے میں نذرانہ وصول کرتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی دعا سے پہلے صاحب حاجت سے رقم ضرور وصول کرتا البتہ اس کی دعا کبھی قبول نہ ہوتی تھی۔

۞ **سوال نمبر 35** | مرزا قادیانی رات کو کونسا لباس پہن کر سوتا تھا؟

**جواب:** مرزا قادیانی رات کو لہنگا/غرارہ پہن کر سوتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 36** | مرزا قادیانی کو کون کونسی بیماریاں تھیں؟

**جواب:**

**01** | کثرت بول

**02** | بھولنے کی

**03** | اعصابی کمزوری

**04** | مراق

**05** | ہسٹریا

**06** | خارش

**07** | گردہ کی تکلیف

**08** | دل کی بیماری

**09** | خونی قے

۞ **سوال نمبر 37** | مرزا قادیانی کیسے مرا؟

**جواب:** مرزا قادیانی اپنے ہی پاخانے میں گر کر جہنم واصل ہوا۔

# موضوع 03

# قادیانی کردار

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر 01 |** سیرت سے کیا مراد ہے؟

- ☑ **زندگی گزارنے کا طریقہ**
- ■ وقت گزارنے کا طریقہ
- ■ راستہ گزارنے کا طریقہ
- ■ ان میں سے کوئی بھی نہیں

**سوال نمبر 02 |** کردار سے کیا مراد ہے؟

- ■ انسان کا لباس
- ■ انسان کا رہن سہن
- ■ انسان کا تعارف
- ☑ **انسان کی پختہ معاشرتی عادات**

**سوال نمبر 03 |** کسی انسان کی سیرت پر بات کرنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ؟

- ■ اس کے کردار کی خامیاں واضح کی جائیں۔
- ■ اس کے اخلاقی خوبیاں واضح کی جائیں۔
- ☑ **اس کی زندگی کا سچ رجھوٹ اور صحیح غلط ظاہر کیا جائے**
- ■ بلا وجہ

**سوال نمبر 04 |** مرزا قادیانی کے کردار کے پوشیدہ حصے ظاہر کرنا ضروری ہے۔

- ■ لوگ مرزا کے کردار کو جانچ سکیں۔
- ■ مرزا کی اصلیت کھل کر سامنے آسکے
- ■ مرزا کا سچ جھوٹ سب کے سامنے آجائے
- ☑ **یہ تمام درست ہیں**

**سوال نمبر 05 |** مرزا قادیانی کے کردار کے بارے میں ہمیں معلوم ہوا؟

- ■ فلموں کے ذریعے
- ■ لوگوں کی زبانی
- ■ نام نہاد قادیانی خلیفوں
- ☑ **مرزا کے بیٹے کے ذریعے**

✿ **سوال نمبر 06** | مرزا کے کردار پر مرزا کے بیٹے نے جو کتابیں ان کے نام بتائیے؟

■ تذکرہ ■ تریاق القلوب

☑ **سیرت المہدی** ■ انوار العلوم

✿ **سوال نمبر 07** | سیرت المہدی کس نے لکھی؟

■ مرزا قادیانی نے ■ مرزا قادیانی کے پہلے خلیفہ نے

☑ **مرزا قادیانی کے بیٹے بشیر احمد ایم-اے نے** ■ مرزا کے بیٹے بشیر الدین محمود نے

✿ **سوال نمبر 08** | مرزا کے بیٹے نے سیرت المہدی لکھی؟

■ فلمیں دیکھ کر ■ مرزا قادیانی کو دیکھ کر

■ کتابیں دیکھ کر ☑ **مرزا قادیانی کے حالات وواقعات جمع کر کے**

✿ **سوال نمبر 09** | کیا مرزا قادیانی جھوٹ بولتا تھا؟

■ کبھی کبھار ■ اکثر و بیشتر ☑ **ہمیشہ** ■ کبھی نہیں

✿ **سوال نمبر 10** | مرزا نے لوگوں سے پچاس جلدیں لکھنے کا وعدہ کر کے کتنی جلدیں لکھیں؟

■ 50 ■ 10 ■ 20 ☑ **5**

✿ **سوال نمبر 11** | مرزا قادیانی نے پچاس اور پانچ میں کیا فرق بتایا تھا؟

■ 45 ☑ **ایک نقطے کا** ■ کوئی نہیں ■ 10

✿ **سوال نمبر 12** | مرزا نے 5 اور 50 کا جو فرق بیان کیا ہے اس کی کیا وجہ تھی؟

■ مرزا لالچی اور لٹیرا تھا ■ مرزا لوگوں کے پیسے غصب کرنا چاہتا تھا

■ مرزا کو لکھنا نہیں آتا تھا ☑ **یہ تمام جوابات درست ہیں**

✿ **سوال نمبر 13** | کیا مرزا قادیانی سچی پیشنگوئیاں کرتا تھا؟

■ کبھی کبھار ■ اکثر و بیشتر ■ ہمیشہ ☑ **کبھی نہیں**

۞ **سوال نمبر 14** | مرزا قادیانی نے کس خاتون سے آسمانی نکاح کی پیشنگوئی کی تھی؟

■ نصرت جہاں ■ پھجے دی ماں ☑ **محمدی بیگم** ■ مائی فجو

۞ **سوال نمبر 15** | مرزا قادیانی نے محمدی بیگم سے آسمانی نکاح کی پیشنگوئی کیوں کی؟

■ کیونکہ محمدی بیگم اس کو پسند آگئی تھی ■ کیونکہ وہ وہ بدکردار اور بے حیا انسان تھا

■ کیونکہ مرزا قادیانی بدنظر تھا ☑ **یہ تمام ٹھیک ہیں**

۞ **سوال نمبر 16** | کیا مرزا قادیانی گالیاں بھی دیتا تھا؟

■ کبھی کبھار ☑ **اکثر و بیشتر**

■ کبھی نہیں ■ صرف خواب میں

۞ **سوال نمبر 17** | مرزا قادیانی گالیاں کیوں دیتا تھا؟

■ کیونکہ وہ شریف انسان نہیں تھا

■ کیونکہ وہ حق بات برداشت نہیں کر سکتا تھا

■ کیونکہ وہ حق بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا

☑ **یہ چاروں جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 18** | کیا مرزا قادیانی دھوکہ باز بھی تھا؟

☑ **بہت زیادہ** ■ بالکل بھی نہیں

■ کبھی کبھار ■ تمام جوابات درست ہیں

۞ **سوال نمبر 19** | مرزا قادیانی دوسروں سے کس طرح دھوکا بازی کرتا تھا؟

☑ **اسلام کی خدمت کا جھانسہ دے کر** ■ پیسے لے کر

■ تماشہ دکھا کر ■ لوگوں کی منتیں کر کے

۞ **سوال نمبر 20** | کیا شریف انسان غیر محرم عورتوں سے خدمت کرواتا ہے؟

☑ **بالکل بھی نہیں** ■ کبھی کبھار

■ ہمیشہ ■ اکثر و بیشتر

۞ **سوال نمبر 21** | مرزا قادیانی غیر محرم عورتوں سے جسمانی خدمت کیوں لیتا تھا؟

■ وہ شریف آدمی نہیں تھا ■ وہ بے حیاء آدمی تھا

■ وہ انتہائی بدنظر آدمی تھا ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 22** | درج ذیل میں سے کون سی عورت مرزا کی خدمت پر مامور تھی؟

■ مائی فجو اور بھانو ■ اہلیہ بابو شاہ دین اور ڈاکٹرنی

☑ **چاروں** ■ کوئی بھی نہیں

۞ **سوال نمبر 23** | مرزا قادیانی پر کون سا فرشتہ شیطانی وحی لے کر اترتا تھا؟

■ ٹیچی ٹیچی اور خیراتی ■ مٹھن لال اور درشنی

☑ **چاروں** ■ کوئی بھی نہیں

۞ **سوال نمبر 24** | مرزا قادیانی کی طرف شیطانی وحی کس زبان میں آتی تھی؟

■ انگریزی اور اردو ■ فارسی اور ریاضی

■ نامعلوم ☑ **ان تمام زبانوں میں**

۞ **سوال نمبر 25** | مرزا قادیانی کی طرف کی جانے والی وحی کی چند مشہور عبارات تحریر کریں؟

■ پٹی پٹی گئی ■ I love you I am with you

■ تائی آئی ☑ **تینوں**

۞ **سوال نمبر 26** | مرزا قادیانی کونسی شراب پیتا تھا؟

■ شیمپین ■ نہیں پیتا تھا

☑ **ٹانک وائن** ■ تینوں جوابات درست ہیں

۞ **سوال نمبر 27** | شراب پینا اسلام میں حرام ہے پھر مرزا قادیانی شراب کیوں پیتا تھا؟

■ کیونکہ وہ مسلمان نہیں تھا ■ کیونکہ وہ شریف انسان نہیں تھا

■ کیونکہ وہ اسے گناہ نہیں سمجھتا تھا ☑ **تینوں جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 28** | مرزا قادیانی شراب کے علاوہ اور کون سا نشہ استعمال کرتا تھا؟

■ پانی ■ تیل ☑ **افیون** ■ کوئی نہیں

۞ **سوال نمبر 29** | مرزا قادیانی ایک دن میں کتنی بار پیشاب کرتا تھا؟

■ 1 بار ■ 10 بار ■ 50 بار ☑ 100 بار

۞ **سوال نمبر 30** | مرزا قادیانی اتنا زیادہ پیشاب کیوں کرتا تھا؟

☑ **بیماری کی وجہ سے** ■ شوق کی وجہ سے

■ عادت کی وجہ سے ■ زیادہ پانی پینے کی وجہ سے

۞ **سوال نمبر 31** | کیا مرزا قادیانی سودی قرضہ بھی لیتا تھا؟

☑ **جی ہاں** ■ جی نہیں ■ معلوم نہیں ■ شاید

۞ **سوال نمبر 32** | مرزا قادیانی معصوم چڑیوں کو کس طرح ذبح کرتا تھا؟

■ چھری سے ■ تلوار سے

■ قلم سے ☑ **سرکنڈوں سے**

۞ **سوال نمبر 33** | مرزا قادیانی پرندوں پر ظلم کیوں کرتا تھا؟

■ وہ عقل سے پیدل تھا ■ ظالم تھا

■ وہ مخبوط الحواس ☑ **تینوں جوابات درست ہیں**

۞ **سوال نمبر 34** | مرزا قادیانی کہاں تیرا کی کرتا تھا؟

■ غسل خانے میں ■ تالاب میں

■ سمندر میں ☑ **بارش کے گندے پانی میں**

۞ **سوال نمبر 35** | مرزا قادیانی نے خود کو کتنی نسلوں سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے؟

■ 1 ☑ 5 ■ 10 ■ 0

۞ سوال نمبر 36 | ان میں سے کون سی نسل سے مرزا نے خود کو منسوب کیا ہے؟

■ مغل اور چینی ■ فارسی اور سید ■ بنی اسرائیل ☑ تمام

۞ سوال نمبر 37 | مرزا قادیانی نے بچپن میں کیا چیز چرائی تھی؟

■ پیسے ■ کتابیں

■ پسی ہوئی چینی ☑ **پسا ہوا نمک**

۞ سوال نمبر 38 | مرزا قادیانی نے جوانی میں کس کی رقم چرائی تھی؟

☑ **اپنے باپ کی پینشن کی** ■ اپنے بھائی کی

■ اپنے دوست کی ■ کسی کی بھی نہیں

۞ سوال نمبر 39 | مرزا قادیانی نے کتنے روپے چوری کیے تھے؟

■ 100 ■ 500 ☑ 700 ■ کچھ بھی نہیں

۞ سوال نمبر 40 | مرزا قادیانی نے چوری کے روپوں کا کیا کیا؟

☑ **آوارہ گردی میں اڑا دیئے** ■ مسجد بنوائی

■ دوسروں کی مدد کی ■ کتابیں لکھیں

۞ سوال نمبر 41 | مرزا قادیانی نے چوری کی رقم اس طرح کیوں ضائع کر دی؟

■ کیونکہ وہ آوارہ تھا ■ کیونکہ وہ عیاش تھا

■ کیونکہ وہ بدمعاش تھا ☑ **یہ تمام جوابات درست ہیں**

۞ سوال نمبر 42 | مرزا قادیانی جوتے کس طرح پہنتا تھا؟

☑ **الٹا سیدھا** ■ بالکل ٹھیک

■ پہنتا ہی نہیں تھا ■ ایک پاؤں پہ نتا تھا

۞ سوال نمبر 43 | مرزا قادیانی جرابیں پہنتے ہوئے کیا بے وقوفی کرتا تھا؟

■ الٹا سیدھا پہن لیتا تھا۔ ■ ایک کے اوپر دوسری چڑھا لیتا تھا

■ ایڑی والا حصہ اوپر کر دیتا تھا ☑ تینوں جوابات درست ہیں

۞ سوال نمبر 44 | مرزا قادیانی بٹن کس طرح بند کرتا تھا؟

■ اوپر نیچے ■ قمیض کا بٹن واسکٹ میں

■ واسکٹ کا بٹن قمیض میں ☑ تینوں جوابات درست ہیں

۞ سوال نمبر 45 | مرزا قادیانی دعا کرنے کے عوض کیا لیتا تھا؟

■ کھانا ☑ پیسے ■ کپڑے ■ تینوں

۞ سوال نمبر 46 | مرزا قادیانی کا رات کا لباس کیا تھا؟

■ دھوتی ☑ لہنگا غرارہ ■ پینٹ ■ کوئی نہیں

۞ سوال نمبر 47 | مرزا قادیانی کو ان میں سے کون کون سی بیماریاں تھیں؟

■ بھول، اعصابی کمزوری، اور خونی قے ■ کثرتِ پیشاب، شوگر اور خارش

■ آنکھوں، دل اور گردے کی بیماری ☑ یہ تمام بیماریاں تھیں

۞ سوال نمبر 48 | مرزا قادیانی کیسے مرا؟

■ بستر پر ■ پانی میں گر کر ☑ اپنی غلاظت میں گر کر ■ چھت سے گر کر

۞ سوال نمبر 49 | مرزا قادیانی کی عبرتناک موت کی کیا وجہ سمجھ میں آتی ہے؟

■ وہ ایک بدکردار آدمی تھا ■ وہ گستاخ آدمی تھا

■ وہ ایک کافر شخص تھا ☑ تینوں وجوہات درست ہیں

# حوالہ جات

موضوع 1

## حقوق مصطفیٰ ﷺ

- کتاب الشفاء | قاضی عیاضؒ

موضوع 2

## امام مہدی رضی اللہ عنہ

- ظہور امام مہدی علیہ الرضوان | منیر احمد علوی صاحب

موضوع 3

## قادیانی کردار

- مرزا قادیانی شخصیت و کردار کے آئینے میں | منیر احمد علوی صاحب

**Lesson Plan for Grade 8 (4th Edition)**

**Distribution for 1st Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Qustions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 01-10 | 1st Month |
| 2 | 1 | 11-20 | 1st Month |
| 3 | 1 | 21-30 | 1st Month |
| 4 | 1 | 31-40 | 1st Month |
| 5 | 1 | 41-51 | 2nd Month |
| 6 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 1 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 2 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 2 | Quiz | 3rd Month |

**Distribution for 2nd Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)
**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 01-09 | 1st Month |
| 2 | 3 | 10-18 | 1st Month |
| 3 | 3 | Revision | 1st Month |
| 4 | 5 | 01-12 | 1st Month |
| 5 | 5 | 13-24 | 2nd Month |
| 6 | 5 | 25-37 | 2nd Month |
| 7 | 5 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 5 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 4 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 6 | Quiz | 3rd Month |